سویرا پبلک اسکول راجباغ سرینگر (صفحہ ۱)

ٹرم اول ۲۰۲۱ء حل کردہ ایسائنمنٹ ‏ ‏ ‏ اُردو اے-بی

عنوان :- علم ‏ ‏ ‏ جماعت :- پانچویں

سبق نمبر :- ۶

الفاظ / معنی

On Pg no. 44

## "تحریری سوالات"

سوال ۱ شاعر نے علم کی کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟

جواب شاعر نے علم کی ان خوبیوں کا ذکر کیا ہے کہ علم ایک چراغ ہے جو ہرگز بُجھ نہیں سکتا ہے۔ علم سے دماغ روشن رہتا ہے۔ علم کا اثر فطرت پر ہوتا ہے۔

سوال ۲ منزل کا سراغ کس نے پا لیا؟

جواب منزل کا سراغ اُس نے پا لیا جو علم کی جستجو میں کھو گیا۔

سوال ۳ علم کو دنیا کی کس چیز سے موسوم کیا گیا ہے؟

جواب علم کو دنیا کی سورج جیسی چیز سے موسوم کیا گیا ہے۔

سوال ۴ علم کا اثر کس چیز پر ہوتا ہے؟

جواب علم کا اثر فطرت پر ہوتا ہے۔

سوال ۵ کیا علم کا چراغ کبھی بجھ سکتا ہے؟

جواب علم کا چراغ کبھی نہیں بُجھ سکتا ہے۔

سوال ۶ تاریکیوں کا کس کو کچھ غم نہیں اور کیوں؟

جواب تاریکیوں کا علم کو کچھ غم نہیں کیونکہ اس کا دماغ علم کی روشنی سے روشن ہوا ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۲)

۲۔ درج ذیل جملوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

۱۔ کی ۲۔ اِس ۳۔ گدھا ۴۔ علم ۵۔ سے ۶۔ سینے۔

۳۔ درج ذیل سوالات کے صحیح جواب پر ٹک لگائیے:

۱۔ وہ کون سی چیز ہے جس سے انسان صحیح منزل پا سکتا ہے؟

i۔ علم ☑ ii۔ دولت ☐ iii۔ شہرت ☐

۲۔ وہ کون سی دولت ہے جو خرچ کرنے سے زیادہ جمع ہو جاتی ہے؟

i۔ شان وشوکت ☐ ii۔ علم ☑ iii۔ مال ☐

۳۔ نظم "علم" کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے؟

i۔ غالب ☐ ii۔ اقبال ☐ iii۔ عادل اسیر دہلوی ☑

۴۔ درج ذیل خاکے کی مدد سے تین بامعنی اشعار ترتیب دیجیے:-

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | جستجو میں علم کی | اس نے (۲) | اس کو کچھ (۳) |
| ۲ | منزلوں کا پا لیا | جو (۱) | جس کا دماغ (۴) |
| ۳ | نجم بنی تاریکیوں | رہا (۴) | بنتا گدھا (۵) |
| ۴ | علم سے روشن | ہرگز (۶) | کھو گیا (۱) |
| ۵ | علم سے گھوڑا | کا (۳) | سراغ (۲) |
| ۶ | علم سے بدلا نہ | نہیں (۵) | کوئی زاغ (۶) |

۵۔ درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱۔ | علم | علم ایک نور ہے۔ |
| ۲۔ | چراغ | ہم شام کو چراغ جلاتے ہیں۔ |

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۳)

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۳ | باغ | بچے باغ میں کھیل رہے تھے۔ |
| ۴ | غم | ہمیں غم میں ایک دوسرے کا ساتھ دینا چاہیئے |
| ۵ | ذرّہ | میرے بھائی نے ذرّہ سا کھانا کھایا۔ |
| ۶ | سورج | سورج ایک ہے۔ |
| ۷ | گھوڑا | گھوڑا تیز دوڑتا ہے۔ |

عنوان: سکّے کا رواج

سبق نمبر: ۷

الفاظ / معنی

On Pg no. 52

"تحریری سوالات"

سوال ۱ پرانے زمانے میں لوگ اپنا پیٹ کیسے پالتے تھے؟

جواب پرانے زمانے میں لوگ سمندر کی مچھلیوں، جنگل کے جانوروں کا شکار کرتے اور ان کے گوشت سے اپنا پیٹ بھرتے۔

سوال ۲ یہ لوگ زیادہ گرمی یا سردی میں کہاں پناہ لیتے تھے؟

جواب یہ لوگ زیادہ گرمی یا سردی میں درختوں کی چھاؤں میں بیٹھتے یا پھر غاروں میں پناہ لیتے۔

سوال ۳ مختلف چیزوں کے تبادلے نے لوگوں کو کیوں پریشان کیا؟

جواب مختلف چیزوں کے تبادلے نے لوگوں کو اسلئے پریشان کیا کیونکہ اس سے ان کی ضرورت وقت پر پوری نہیں ہوتی تھی۔

سوال ۴ سکّے کا رواج کیوں کر وجود میں آیا؟

جواب جب لوگوں کو مختلف چیزوں کے تبادلے میں دقتیں پیش آنے لگی تب سب نے طے کیا کہ ایک چیز سے دوسری چیز کا تبادلہ ٹھیک نہیں۔ ایک چیز ایسی مقرر

Scanned with CamScanner

کرو کہ ہر چیز اس کے بدلے میں مل جائے۔ تب سکے کا رواج چلا۔

۲۔ درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو نیچے دیے گئے الفاظ سے پُر کیجیے:

۱۔ سکے ۲۔ کام ۳۔ کمال ۴۔ لینی ۵۔ مختلف ۶۔ موچی۔

۳۔ ذیل میں دیے گئے سکوں کو متعلقہ ملکوں کے ساتھ ملائیے۔

| | ممالک | سکے |
|---|---|---|
| ۱ | ہندوستان | ملیدرو |
| ۲ | جرمنی | ریال |
| ۳ | امریکہ | روپیہ |
| ۴ | ایران | ڈالر |

(بُک میں دیا گیا آپشن (یہ) غلط ہے)

| ممالک | سکے |
|---|---|
| سعودی عرب | پونڈ |
| پاکستان | روپیہ |
| بنگلہ دیش | ٹکہ |
| انگلستان | ریال |

۴۔ درج ذیل سوالات کے صحیح جواب پر ٹک لگائیے:

۱۔ پرانے زمانے میں جب سکے کا رواج نہ تھا تو لوگ مختلف چیزوں کا تبادلہ کرتے تھے۔

جواب: مختلف چیزوں کا تبادلہ ☑

۲۔ چیزوں کے تبادلے سے انسان کو بہت دقتیں آئیں۔

جواب: بہت دقتیں آئیں ☑

۳۔ سکے کے رواج سے ہر چیز کا تبادلہ ہونے لگا۔

جواب: ہر چیز کا تبادلہ ہونے لگا ☑

۵۔ درج ذیل فاعل کا کیا کام ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | کسان | کھیتی باڑی کرنے والا۔ |
| ۲ | لوہار | لوہے کے اوزار بنانے والا۔ |
| ۳ | سنار | سونے کے زیور بنانے والا۔ |
| ۴ | جلاہا | کپڑے بنانے والا |

Scanned with CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| ۵. | موچی | جوتے بنانے والا۔ |
| ۶. | استاد | پڑھانے والا۔ |
| ۷ | ڈاکٹر | علاج کرنے والا۔ |

عنوان :- تھامس الوا ایڈیسن

سبق نمبر:۸

الفاظ معنی

On Pg no. 59

"تحریری سوالات"

سوال۱ ایڈیسن کا بچپن کن حالات میں گزرا؟

جواب امریکی سائنسدان تھامس الوا ایڈیسن ۱۱ فروری ۱۸۴۷ء کو پیدا ہوئے۔ اُن کا بچپن بڑی مشکلوں اور دشواریوں میں گزرا۔

سوال۲ ایڈیسن کو انڈوں پر تجربہ کرنا کیوں مہنگا پڑا؟

جواب ایڈیسن کو انڈوں پر تجربہ کرنا اسلئے مہنگا پڑا کیونکہ انڈوں پر بیٹھنے کے بعد کپڑے تو خراب ہو ہی گئے ساتھ میں ماں کی مار بھی پڑی۔

سوال۳ روشنی کے بلب سے ایڈیسن کا چہرا کیوں کھل اُٹھا؟

جواب روشنی کے بلب سے ایڈیسن کا چہرا اسلئے کھل اُٹھا کیونکہ اس کے برسوں کی محنت رنگ لا چکی تھی

سوال۴ ایڈیسن نے کیڑے مکوڑوں کا رس نکال کر لڑکی کو کیوں پلایا؟

جواب ایڈیسن نے ایک بار دیکھا کہ پرندے ہوا میں اُڑنے والے کیڑے مکوڑے کھاتے ہیں۔ سوچا کہ یہ اسی لیے اُڑ پاتے ہیں۔ ایڈیسن نے بہت سے کیڑے جمع کرکے ان

کا رس نکال کر تیار کر لیا اور لڑکی کو پلا دیا۔ (صفحہ ۹)
اُڑنا تو دور کی بات تھی وہ لڑکی بے ہوش ہوگئی۔

سوال ۵ ایڈیسن کی موت کا ماتم انگلستان کے عوام نے کیسے منایا؟

جواب ۱۸ اکتوبر ۱۹۳۱ء کو ایڈیسن اس دنیا سے چل بسے ان کے ماتم میں انگلستان کے عوام نے ایک منٹ کے لیے تمام روشنیاں گل کر دیں۔ یہ ایڈیسن کے لیے بہت خراج عقیدت تھا۔

۲ خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

۱ پیدا ۲ والد ۳ ذہین ۴ بازار ۵ خراب

۳ درج ذیل سوالات کے صحیح جواب پر (✓) لگائیے:

اَ جب ایڈیسن انڈوں کو سینے لگا تو ان میں سے
جواب کچھ ٹوٹ گئے۔ ✓

بَ ایڈیسن نے یہ سوچ کر کہ کیڑے مکوڑے کھانے سے انسان بھی پرندوں کی طرح اڑ سکتا ہے تو اس نے ایک لڑکی کو کیڑے کھلائے اور وہ
جواب بے ہوش ہوگئی۔ ✓

ﺗَ بجلی بلب کی ایجاد
جواب ایڈیسن نے کی ✓

۴ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | تعلیم | ہم اسکول میں تعلیم حاصل کرتے ہیں |
| ۲ | انتقال | میری دادی کا انتقال ہوگیا ہے۔ |
| ۳ | ذہین | ایڈیسن بڑے ذہین تھے۔ |

Scanned with CamScanner

| نمبر | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۴ | سوال | میرا بھائی سوال پہ سوال کرتا ہے۔ |
| ۵ | مُرغی | مُرغی انڈے دیتی ہے۔ |
| ۶ | بازار | ہم بازار سے چیزیں خریدتے ہیں۔ |
| ۷ | زندگی | اللہ کرے ہم سب اچھے سے زندگی بسر کرے۔ |

۵ درج ذیل اسموں میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ الگ الگ لکھئے:۔

۱. اسم معرفہ:۔ تاج محل، ڈل جھیل، جون، ہندوستان، بلبل، چنار، قراقرم۔

۲. اسم نکرہ:۔ قلم، مکان، عورت، ملک، پرندہ، درخت، پہاڑ، مہینہ، بادشاہ۔

۶ درج ذیل جملوں کے اجزا کو مناسب طور آپس میں جوڑ دیجیے:۔

| | الف | ب |
|---|---|---|
| ۱ | ایڈیسن نے بازار سے | باپ کا انتقال ہوا۔(۵) |
| ۲ | ایڈیسن کی ایجاد | بڑا ذہین تھا۔ (۳) |
| ۳ | وہ بچپن ہی سے | امریکہ میں ہوئی۔(۴) |
| ۴ | ایڈیسن کی پیدائش | روشنی دینے والا بلب ہے(۲) |
| ۵ | ایڈیسن کی کم عمری میں | کچھ انڈے لائے۔ (۱) |

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۸)

عنوان: چین کا چنگ،
سبق نمبر: ۱۰
الفاظ/ معنی

(On Pg no. 79)

## "تحریری سوالات"

سوال ۱: چین کے چنگ کی شکل و صورت کیسی ہے؟

جواب: چین کے چنگ کی شکل و صورت جاپان کے اسکیمو سے بہت ملتی جلتی ہے۔ وہی سفیدی مائل زرد چہرہ، وہی ننھے ننھے عجیب اُبھرے اُبھرے پپوٹوں میں سے جھانکتی ہوئی چمک دار کالی آنکھیں۔ آج کل کے فیشن کے مطابق سر کے بال چھوٹے ہیں۔

سوال ۲: چنگ ہمارا استقبال کیسے کرے گا؟

جواب: ہم چنگ کے گھر جائیں تو وہ ہمارے لیے بڑی عاجزی اور نیاز مندی سے جھکے گا اور اپنی دونوں مُٹھیاں ملا کر ہلائے گا۔ چین مصافحہ اور سلام اسی طرح کرتے ہیں۔

سوال ۳: چنگ کے گھر میں کیا کیا چیزیں ہیں؟

جواب: چنگ کا گھر خوب آراستہ ہے۔ میزیں اور کرسیاں ایسی ہیں جیسے ہمارے گھروں میں۔ غریب گھروں میں آرام و آسائش کی صرف چند ہی چیزیں ہوتی ہیں۔

سوال ۴: چنگ کے یہاں کھانے کو کیا کیا چیزیں ملیں گی؟

جواب: چنگ کے یہاں ہمیں کھانے کے لیے طرح طرح کی چیزیں ملیں گی۔ یخنی، مچھلی، ترکاریاں اور ہر قسم کا گوشت۔ چاول، ڈبل روٹی اور ہر قسم کی بھنی ہوئی چیزیں بھی ملتی ہیں۔

Scanned with CamScanner

سوال۵ چنگ کے یہاں شہروں اور قصبوں میں عمارتیں کیسی ہیں؟ (صفحہ ۹)

جواب چنگ کے یہاں شہروں اور قصبوں میں عمارتیں پکی اور پختہ ہیں۔

۲ خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

۱ زرد ۲ چمک دار ۳ سفید ۴ میز کرسی ۵ شہتوت ۔

۳ درج ذیل سوالات کے صحیح جواب پر (✓) لگائیے۔

۱ چین کے چنگ کا باپ ایک ہے۔

جواب تاجر ✓

۲ چینی لوگ کھاتے ہیں۔

جواب مچھلیاں، ترکاریاں اور گوشت ✓

۳ چین والوں کی عمارتیں بنی ہیں۔

جواب پکی اور پختہ ✓

۴ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | چہرہ | ہم صبح اٹھ کر چہرہ دھوتے ہے۔ |
| ۲ | چمک دار | میری آنکھیں چمک دار ہیں۔ |
| ۳ | تاجر | چنگ کا باپ بہت بڑا تاجر تھا۔ |
| ۴ | لباس | چنگ ریشمی لباس پہنتا ہے۔ |
| ۵ | موزے | چنگ سفید موزے پہنتا ہے۔ |
| ۶ | غریب | ہمیں غریب لوگوں کی مدد کرنی چاہیئے۔ |
| ۷ | آرام | میری ماں آرام کر رہی ہے۔ |

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۱۰)

۵ الف اور ب کے جملوں کے اجزا کو مناسب طریقے سے جوڑ دیجیے:

| الف | | ب |
| --- | --- | --- |
| ۱ | چنگ | کھانا کھاتا ہے۔ (۳) |
| ۲ | چنگ کا گھر | ریشمی لباس پہنتا ہے۔ (۱) |
| ۳ | وہ میز کرسی پر | بہت سجا یا ہوا ہے۔ (۲) |
| ۴ | چین کے بازار بھی | بہتات سے ملتے ہیں۔ (۵) |
| ۵ | چین میں شہتوت کے درخت | بڑے خوب صورت ہیں (۴) |

۶ کالم ب میں دیے گئے اسموں کو کالم الف میں دی گئی صفتوں کے ساتھ جوڑ دیجیے:

| | الف | ب |
| --- | --- | --- |
| ۱ | زرد | لڑکا (۵) |
| ۲ | سفید | گھٹا (۳) |
| ۳ | کالی | چہرہ (۱) |
| ۴ | کالے | برف (۲) |
| ۵ | ذہین | بادل (۴) |
| ۶ | سچی | آنکھیں (۹) |
| ۷ | نیلا | گھوڑا (۸) |
| ۸ | عربی | آسمان (۷) |
| ۹ | چمکدار | کہانی (۶) |

Scanned with CamScanner

## ماڈل ٹیسٹ پیپر (۱)

۴. صفت کسے کہتے ہیں؟

جواب صفت وہ کلمہ ہے جو کسی کی اصلی حالت کو ظاہر کرے مثلاً سچا آدمی، خوبصورت پھول وغیرہ۔

ذیل میں دیے گئے اسماء کو دی گئی صفتوں کے ساتھ جوڑ دیجیے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | گرم | پہاڑ (۲) |
| ۲ | اونچا | پانی (۱) |
| ۳ | صاف | سیب (۴) |
| ۴ | میٹھا | گھوڑا (۶) |
| ۵ | نیلا | غذا (۳) |
| ۶ | کرجی | آسمان (۵) |

۵. فعل اور فاعل میں کیا فرق ہے؟

۱. فعل:- فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا ہونا یا سہنا ظاہر ہو مثلاً کھاتا ہے، دوڑیگا آیا تھا وغیرہ۔

۲. فاعل:- فاعل وہ اسم ہے جو کسی کام کرنے والے کو ظاہر کرے مثلاً گاڑی چلانے والا، ناچنے والا وغیرہ۔

۶. سوالات۔

۱. ریل گاڑی میں اس نے کہاں تجربہ گاہ بنا لی تھی؟

جواب ریل گاڑی کے ایک چھوٹے سے کمرے میں کیمیائی تجربوں کے لیے ایک تجربہ گاہ بنالی تھی۔

۲. گاڑے کے گھونسا مارنے سے ایڈیسن پر کیا بیتی؟

جواب گاڑی کے گھونسا مارنے سے ایڈیسن ہمیشہ کے لیے بہرا ہوگیا۔

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۱۲)

۳. گارڈ نے ایڈیسن کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب: گارڈ نے ایڈیسن کے ساتھ بُرا سلوک کیا۔

۴. ایک دن تجربہ کرنے کے دوران کیا ہوا؟

جواب: ایک دن تجربہ کرنے کے دوران کمرے میں آگ لگ گئی۔

۱۲ کالم (ا) میں دیے گئے الفاظ کو کالم (ب) میں دیے گئے معنی کے ساتھ جوڑ دیجیے:

| | الف | ب | |
|---|---|---|---|
| ۱ | کندن | راجماش | (۲) |
| ۲ | لوبیا | خالص سونا | (۱) |
| ۳ | تھان | موافق | (۵) |
| ۴ | کپاس | تلاش | (۶) |
| ۵ | راس | کپڑا | (۳) |
| ۶ | جستجو | سوت | (۴) |

۱۵ درج ذیل الفاظ کا پہلا حرف کاٹ کر با معنی لفظ (اسم) بنائیے۔

۱ دکان = کان ۲ جانور = انور ۳ اہم = ہم۔

۱۶ درج ذیل الفاظ کا پہلا ایک حرف کاٹ کر با معنی لفظ بنائیے جو تعجب کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

۱ عارے = ارے ۲ گواہ = واہ ۳ صاف = اُف۔

۱۸ جملے کی خالی جگہ کو مناسب لفظ سے پُر کیجیے۔

۱ احمد نیک ہی نہیں بلکہ ذہین بھی ہے۔

۱۹ علم سے ذرہ بھی سورج ہے اسے
جہل سے تاریک ہے جس کا دماغ

سوال: یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

جواب: عادل اسیر دہلوی۔

Scanned with CamScanner

سبق نمبر: ۴ "اُردو گرامر" (صفحہ ۱۳)

## صفی کی رُو سے فعل کی قسمیں

سوال: صفی کی رُو سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: صفی کی رُو سے فعل کی دو قسمیں ہیں۔ فعل لازم، فعل متعدی۔

۱. فعل لازم: وہ فعل ہے جس کے لیے صرف فاعل کی ضرورت ہو اور مفعول کی ضرورت نہ ہو مثلاً بادل گرجا، دودھ بہی، کتاب لا وغیرہ۔

۱. ذیل میں دیے ہوئے جملوں کی خالی جگہوں کو صفت ذاتی لگا کر پُر کیجیے: Pg no. 39

۱. بند ۲. لٹوٹی ۳. گول ۴. کیلے ۵. پھول۔

۲. ذیل میں دیے گئے جملوں کو درست ترتیب میں لکھیے۔

"درست ترتیب"

۱. پانی صاف نہیں ہے۔
۲. سورج چمک رہا ہے۔
۳. تتلی خوبصورت کیڑا ہے۔
۴. بارش کا موسم ہے۔
۵. حامد اچھا لڑکا ہے۔
۶. پرندے ہوا میں اڑتے ہیں۔

۳. کالم الف کی عبارت کو کالم ب کی عبارت سے ملائیے: (Pg no. 40)

| | کالم الف | کالم ب |
|---|---|---|
| ۱ | چائے | کھاتے ہیں۔ ۲ |
| ۲ | میوہ | پیتے ہیں۔ ۱ |
| ۳ | دودھ | بھونکتا ہے۔ ۴ |
| ۴ | کتا | میٹھا ہے ۳ |

Scanned with CamScanner

۴ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا (صفحہ ۱۴)
نشان لگائیے:
۱. فعل لازم چاہیئے:
جواب فاعل کو ✓
۲. فعل کہتے ہیں۔
جواب کام کرنے کو ✓
۳. فاعل کسے کہتے ہیں؟
جواب کام کرنے والے کو ✓

۵ فعل متعدی:- وہ فعل ہے جس کے لیے فاعل اور مفعول دونوں کا ہونا لازمی ہے۔ مثلاً رشید نے وحید کو ڈانٹا، ماں نے بچے کو دودھ پلایا وغیرہ۔

۱ ذیل میں دیے گئے جملوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے (Pg no 42)
۲ اللہ ۳ احمد ۴ شبیر ۵ چور۔

۲ کالم الف کی عبارت کو کالم ب کی عبارت سے ملائیے:

| | کالم الف | کالم ب |
|---|---|---|
| ۱ | لڑکے نے | بچھڑا جنا (۳) |
| ۲ | بارش نے | باپ کی پوری خدمت کی (۴) |
| ۳ | گائے نے | بلی کا کان کاٹ کھایا (۱) |
| ۴ | بیٹے نے | فصلوں کو تباہ کر ڈالا (۲) |

۳ درج ذیل جملوں میں فاعل اور مفعول کو الگ الگ کر کے لکھیے:
(On Pg no. 42 & 43)

| | فاعل | مفعول | | فاعل | مفعول |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | نوکر | مالک | ۴) | گاڑی | مسافر |
| ۳ | بھیڑیئے | بھیڑ | ۵) | درزی | کوٹ |

Scanned with CamScanner

۴ اشارات کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے (Pg no. 43) (صفحہ ۱۵)

۱ کو ۲ مایک ۳ بانگ -

۵ خالی جگہیں پُر کیجیے :-

۱. فعل ، فعل ، فاعل -

۲. متعدی، فعل ، فاعل سے ہو -

⇐ مضمون :- وقت کی پابندی

وقت ایک ایسی چیز ہے جو جا کے آنے والی نہیں۔ مال، دولت، صحت، تعمیر وغیرہ کے نقصانات پھر سے پورے کیے جا سکتے ہیں لیکن وقت کا نقصان کبھی پورا نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہر کام اپنے مناسب وقت پر کیا جائے۔

جو لوگ وقت کی قدر کرتے ہیں وہ زندگی میں کامیاب رہتے ہیں۔ طالب علم کی مثال لیجیے جو اپنا سبق وقت پر یاد کرتا ہے۔ وہ امتحان میں آسانی سے پاس ہوتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ والدین اور استاد کو چاہیئے کہ وہ بچّوں کو تعلیم کے ساتھ صحیح تربیت کریں تاکہ وقت کا صحیح استعمال کر سکیں۔ سب لوگوں کو عموماً اور طالب علم کو خصوصاً اپنے کاموں کے لیے ایک خاص پروگرام (ٹائم ٹیبل) ہونا چاہیئے۔ تاکہ وہ ہر کام اپنے مخصوص وقت پر کریں۔

آج کا کام کل پر ٹال دینا بے وقوفی ہے۔ اس طرح سے انسان ہمیشہ نقصان میں رہتا ہے۔ ہر مذہب وقت کی پابندی سکھاتا ہے اور ہر عبادت وقت پر کی جاتی ہے۔ اسلام میں

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۱۶)

پانچ وقت کی نماز پابندی سے پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ سال کے بارہ مہینوں میں ماہِ رمضان کے روزے رکھنا بھی وقت کی پابندی ہے۔ غرض یہ کہ ہر چیز اور ہر کام کے لیے وقت کی پابندی ضروری ہے۔ جس نے وقت کی پابندی نہ کی اس نے اپنے مستقبل کو اندھیرے میں ڈال دیا۔

---

ے اپنے دوست/سہیلی کے نام خط لکھئے جس میں اس کو اپنے بھائی کی شادی پر ممی ڈیڈی کے ہمراہ شرکت کرنے کی دعوت دے دو۔

راجباغ سرینگر

۱۔ اپریل ۲۰۲۱ء

پیارے/پیاری ا۔ب۔ج

خدا تمہیں سلامت رکھے

تم یہ جان کر خوش ہو جاؤ گے/ہو جاؤ گی کہ بھائی جان کی شادی ۱۹ اپریل کو ہونے والی ہے۔ اُس موقعہ پر میں اپنے ممی ڈیڈی کی طرف سے آپ سب گھر والوں کو شادی میں شرکت کرنے کی دعوت دیتی ہوں/دیتا ہوں۔ مگر ہاں تم شادی سے کچھ دن پہلے آنا تاکہ ہم اکھٹے سارے انتظامات مکمل کر سکیں۔

ممی ڈیڈی کو میرا اور ابو جان اور امی جان کی طرف سے سلام کہنا۔

تمہارا دوست/سہیلی

ا۔ب۔ج

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۱۷)

ے نادیدہ عبارت۔

ا۔ دیے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

۱. چور کس پر اپنا گزارہ چلاتا تھا؟

جواب چور چوری کرکے اپنا گزارہ چلاتا تھا۔

۲ چور کس کے گھر چوری کرنے گیا تھا؟

جواب حضرت جنید بغدادیؒ۔

۳ حضرت جنید بغدادیؒ نے چور کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

جواب حضرت جنید بغدادیؒ نے چور کے ساتھ اچھا سلوک کیا۔

۴. حضرت جنید بغدادیؒ کے سلوک سے چور پر کیا اثر پڑا؟

جواب حضرت جنید بغدادیؒ کے سلوک سے چور نے فوراً چوری کرنے سے توبہ کر لیا۔

۵. چور نے حضرت جنید بغدادیؒ کے سامنے کیا وعدہ کیا؟

جواب چور نے یہ وعدہ کیا کہ میں آج کے بعد کبھی چوری نہیں کرونگا۔ آج سے میں آپ کا غلام ہوں۔

۶. اس کہانی کا ایک مناسب موضوع منتخب کیجیے۔

جواب صحبت کا اثر۔

ے صحیح بول چال۔

۱ جواب سنگ مرمر بہت اچھا ہے۔

۲ جواب رحیم نے جھوٹ بولا۔

۳ جواب میرا گھر بہت بڑا ہے۔

۴ جواب آج چاند رات ہے۔

۵ جواب مہربانی کرکے میرے ساتھ آیئے۔

۶ جواب یہ کس کی سائیکل ہے۔

۷ جواب احمد کی دکان مال سے بھری ہے۔

۸ جواب راستے میں پڑے پتھر کو ہٹادو۔

۹ جواب آب زم زم اچھا ہے۔

۱۰ جواب مہربانی کرکے مجھے معافی دو۔

Scanned with CamScanner

واحد / جمع حضرت سے وفتر تک (صفحہ ۱۸) Pg no. 58

مذکر / مونث دلہا سے پارسی تک Pg no. 63

متضادات اول سے بلند تک Pg no. 67

محاورات پگڑی بنانا سے خون سفید ہونا تک
Pg no. 74

پیرا نویسی :- جوتے کی پالش کیسے کریں Pg no. 80 & 81

Scanned with CamScanner